# 267324 ـ اگر والد بیٹے کو اپنی دکان میں کام کرنے کی اجرت مارکیٹ کے مطابق نہ دے تو بیٹا بغیر بتلائے اپنا حق لے سکتا ہے؟

**سوال**

میرے والد کی کمرشل دکان ہے، وہ مجھے سارا دن دکان پر بٹھائے رکھتے ہیں اور خود سارا دن کافی شاپ پر گزارتے ہیں، میرے سارے دوست اپنے بچپن سے لطف اندوز ہو رہے ہیں لیکن میں اپنے بچپن سے محروم ہوں، میرے والد مجھے دکان پر بیٹھنے کا ایک روپیہ بھی نہیں دیتے، مزید میرے دوستوں کو میرے ساتھ بیٹھنے بھی نہیں دیتے، جس کی وجہ سے میری زندگی میرے لیے اجیرن بن چکی ہے، تو کیا میرے لیے انہیں بتلائے بغیر رقم لینے کی اجازت ہے؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

میں نے یہ سوال اپنے شیخ مکرم عبد الرحمن البراک حفظہ اللہ کے سامنے رکھا تو انہوں نے کہا:

ظاہر تو یہی ہوتا ہے کہ بیٹا مارکیٹ کے مطابق دکان کی آمدن میں سے اجرت لے سکتا ہے؛ کیونکہ والد نے اس کا حق غصب کیا ہوا ہے۔

واللہ اعلم